SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

August 12, 2023

# ایس ای سی پی کا عوام الناس کو جعلی سرمایہ کاری کمپنیوں سے ہوشیار رہنے کا انتباہ

اسلام آباد (اگست 12): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے عوام الناس کو ایک بار پھر متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ جعلی اور غیر قانونی سکیموں میں سرمایہ کاری سے پرہیز کریں کیونکہ ایسی جعلی اسکیمیں ان کو قیمتی سرمائے سے محروم کر سکتی ہیں۔ ایس ای سی پی نے بارہا یہ واضح کیا ہے کہ کسی کمپنی کی محض رجسٹریشن کا قطعاً یہ مطلب نہیں کہ یہ کمپنی عوام سے سرمایہ کاری کے نام پر فنڈز/رقم اکٹھا کر سکتی ہیں۔

ایس ای سی پی کے نوٹس میں آیا ہے کہ "اے اے انٹرپرائزیز اینڈ انوسٹمنٹ 'اے اے انٹرپرائزیز' اور انیس احمد انٹرپرائزیز (سنگل ممبر) پرائیویٹ لمیٹڈ،" نامی کمپنی عوام کو غیر قانونی اور سرمایہ کاری کی جعلی اسکیموں میں سرمایہ کاری کی ترغیب دے کر کے رقوم/سرمایہ اکٹھا کر رہی ہے۔ اس کمپنی کی جانب سے استعمال کئے جانے والے سوشل میڈیا اور وٹس ایپ نمبر مندرجہ ذیل ہیں؛

ویب سائٹ: https://aaenterprisesandinvestments.com/

فیس بک: https://www.facebook.com/profile.php?id=100092667745743&mibextid=ZbWKwL

ٹیوٹر: https://twitter.com/AAEnterpri77079?t=Tv_z0ec9SPYrV9utf1chdQ&s=09).

وٹس ایپ نمبر: 0300-2222241

مذکورہ کمپنی ایس ای سی پی کے ساتھ اپنی رجسٹریشن کی حیثیت کو عوامی اعتماد حاصل کرنے کے لیے استعمال کرتے ہوئے غلط تاثر دے رہی ہے۔ واضح رہے کہ اے اے انٹرپرائیزیز کی جانب سے آفر کی جانے والی سرمایہ کاری کی اسکیمیں جعلی اور غیر قانونی ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ ایسی سکیموں سے گمراہ نہ ہوں جو ان کمپنیوں کے ساتھ لین دین اور سرمایہ کاری سے باز رہیں۔ ایس ای سی پی نے کمپنیز ایکٹ کے تحت مذکورہ کمپنی کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی ہے جبکہ کمپنی کے سوشل میڈیا کو بند کرنے اور ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کے لئے قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں سے بھی رابطہ کیا گیا ہے۔